INTERMEDIATE - FIRST YEAR
SECOND LANGUAGE URDU: PART - II

Model Paper - Urdu - I - 2021

Time: 3 HOURS **MARKS: 100**

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دیئے جائیں ہر سوال کے نشانات محاذی درج ہیں؟

I. **مندرجہ ذیل سے کوئی ایک بند لکھیے اور مشکل الفاظ کے معنی لکھیے۔** 1x6=6

1. سورج نے جاتے جاتے شام سیہ قبا کو

.....

.....

.....

.....

چمکے عروس شب کے موتی وہ پیارے پیارے

یا

ہندو پُجاریوں نے جس کو گلے لگایا

.....

.....

.....

.....

یہ ہے دکن ہمارا ' پیارا وطن ہمارا

یا

نظم ''بزمِ انجم'' کا پسندیدہ بند لکھئے اور مشکل الفاظ کے معنی بھی لکھئے۔

II. **ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 15 سطروں میں لکھیے۔** 1x6=6

1. نظم ''ترانۂ دکن'' کا خلاصہ لکھیے۔
2. شاعر وجدؔ کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالیے۔
3. ''ترانۂ دکن'' میں قومی یکجہتی کا کس طرح پیغام ملتا ہے

III. مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 15 سطروں میں لکھیے۔ 1x6=6

1. ''سیر پہلے درویش کی'' کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھے۔
2. ان پر نوٹ لکھئے: 1. الگو چودھری 2. شیخ جُمن
3. یوسف ناظم نے محبوب حسین جگر کا خاکہ کس طرح کھینچا ہے؟ بیان کیجیے؟

IV. ذیل میں سے کسی دو سوالات کے جواب دس سطروں میں لکھیے۔ 2x4=8

1. گاندھی جی کے حالاتِ زندگی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔لکھیے۔
2. ''ناز اٹھانے کو ہم رہ گئے ڈاکٹروں کے'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔
3. ''میرا اسکول'' آپ بیتی سے آپ نے کیا سبق حاصل کیا۔لکھیے۔
4. افسانہ ''انار کے چودہ دانے'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔
5. مجتبیٰ حسین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

V. مندرجہ ذیل میں سے کسی دو اشعار کی متن کے حوالہ سے تشریح کیجیے۔ 2x3=6

1. تم ہمارے کسی طرح نہ ہوے
ورنہ دنیا میں کیا نہیں ہوتا

2. کل چودھویں کی رات تھی شب بھر رہا چرچا ترا
کچھ نے کہا یہ چاند ہے کچھ نے کہا چہرا ترا

3. بے درد سنی ہو تو چل کہتا ہے کیا اچھی غزل
عاشق ترا رسوا ترا شاعر ترا انشا ترا

4. تم مرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

VI. متن کے حوالے سے کسی دو کی تشریح کیجیے۔ 2x3=6

1.. ''غرض آدمی کا شیطان آدمی ہے''۔

2.. ''نہ تم ہمارے دوست ہو نہ ہم تمہارے یہ انصاف اور ایمان کا معاملہ ہے''

3.. ''ابے او مصور جذبات ذرا ایک گلاس پانی لانا''

4.. ''صرف سیاست وہ اخبار تھا جس کے مدیر اور منتظم دونوں غیر شاعر تھے۔''

5.. ''یک بہ یک ایک ہی سال میں والدین قضائے الٰہی سے مر گئے''۔

VII. مندرجہ ذیل سے کسی دو دو سوالوں کے جواب پانچ سطروں میں لکھیے۔ 2x3=6

1.. شاعر نے شام کا منظر کیسے کھینچا ہے؟

2.. شاعر وجدؔ نظم میں اپنا وطن کس کو کہا ہے؟

3. انشاؔ کے حالات زندگی پر ایک نوٹ لکھیے۔

4.. نظم ''ترانۂ دکن'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

5. نظم ''ترانۂ دکن'' میں کس علاقے کی تعریف کی گئی ہے؟

VIII. مندرجہ ذیل سے کسی دو دو سوالوں کے جواب پانچ سطروں میں لکھیے۔ 2x3=6

1. پہلے درویش کو بہن کیا نصیحت کرتی ہے؟

2. سرپنچ بننے کے بعد جُمّن نے کیا فیصلہ سنایا؟

3. محبوب حسین جگر سے پہلی ملاقات مصنف کی کب اور کہاں ہوئی؟

4. ابن صفی اپنے مطالعہ کا شوق کس طرح پورا کرتے تھے؟

5. سوداگر کے بہک جانے کا حال بیان کیجیے۔

IX. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک یا دو جملے میں لکھیے۔ 5x1=5

1. اقبالؔ کے کوئی ایک شعری مجموعہ کا نام لکھیے۔

2. سکندر علی وجدؔ کا سنہ پیدائش کیا ہے؟

3. مومنؔ کا اصل نام کیا ہے؟

4. انشاؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

5. مقطع کسے کہتے ہیں۔ مثال دیجیے؟

X. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک یا دو جملے میں تحریر کیجیے۔ 5x1=5

1. پہلے درویش کی کتنی بہنیں تھیں؟
2. جمن کی خالہ نے پنچایت کیوں بٹھائی؟
3. ہفت روزہ ''شاہد'' کے ایڈیٹر کا نام کیا تھا؟
4. ابن صفی نے اپنے کس ناول میں ان کتابوں کی تفصیل دی ہے جن کے پلاٹ انگریزی سے لیے گئے تھے۔
5. یوسف ناظم کے سفرنامہ کا کیا نام ہے؟

XI. مندرجہ ذیل اقتباس پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھیے۔ 5x1=5

. ''حیدرآباد کا ملک کے ان چند بڑے شہروں میں شمار ہوتا ہے جو سیاحوں کو اپنی جانب راغب کرتا ہے۔ ریاست تلنگانہ کا سیاحتی محکمہ تلنگانہ اسٹیٹ ٹورازم ڈپارٹمنٹ ایک سرکاری ادارہ ہے جو تلنگانہ میں سیاحت کو فروغ دیتا ہے۔ تلنگانہ کے تاریخی تفریحی مقام چارمینار کو شہرت حاصل ہے۔ قلعہ گولکنڈہ، حیدرآباد- قطب شاہی سلاطین کا ایک یادگار، قلعہ ہے جو ہندوستان کے چند مشہور قلعوں میں سے ایک ہے۔ ''گنبدان قطب شاہی'' میں قطب شاہی خاندان کے مزارات ہیں۔ جو دکنی فن تعمیر کا شاہکار ہیں۔ کاکتیہ کلاتھورانم، ورنگل کی کاکتیہ سلطنت کی تاریخی نشانی ہے۔ پتھر میں تراشیدہ بہت بڑا مجسمہ ہے۔ جسے جلالی کمان بھی کہا جاتا ہے۔ یہ تلنگانہ کے سرکاری نشان کا حصہ ہے۔ مکہ مسجد، حیدرآباد میں واقع ہے۔ مسجد کی مرکزی کمان بنانے کے لیے مکہ معظّمہ سے مٹی اور اینٹیں لائی گئیں۔ چنانچہ اس مسجد کا نام مکہ مسجد پڑا۔ تلنگانہ کے دیگر اہم سیاحتی مقامات میں کنٹالا آبشار جو ضلع عادل آباد میں واقع ہے۔ یہ آبشار 148 فٹ بلندی سے گرتا ہے اور یہ ریاست کا سب سے بڑا آبشار ہے۔

سوالات:

1. تلنگانہ میں کونسا ادارہ سیاحت کو فروغ دیتا ہے؟
2. تلنگانہ کا سرکاری نشان کونسا ہے؟
3. گنبدانِ قطب شاہی کیا ہیں؟
4. مکہ مسجد کی تعمیر کے لیے خصوصی پتھر کہاں سے لائے گئے۔
5. کنٹالا آبشار کہاں واقع ہے؟

XII. ہر حصہ سے چار سوالات کے جواب لکھیے۔ 8x1=8

(الف) صرف ایک جملہ میں جواب لکھیے۔

1. اسم کی تعریف کیجیے اور مثال دیجیے۔
2. اسمِ خاص سے کیا مراد ہے؟ مثال دیجیے۔
3. جنس کی تعریف کیجیے۔
4. ضمیر شخصی کسے کہتے ہیں؟
5. تخلص کی تعریف مع مثال لکھیے۔
6. صفتِ ذاتی کی تعریف کیجیے۔

(ب) ذیل کے بیانات پر صحیح (✓) یا غلط (×) کا نشان لگائیے۔

(i) ناگن مذکر ہے۔ (.....)

(ii) چنومنو لقب کی مثال ہے۔ (.....)

(iii) نظیر شاعر کا تخلص ہے۔ (.....)

(iv) ''آپ''، ضمیر کی مثال ہے۔ (.....)

(v) لکھنا فعل ہے۔ (.....)

(vi) ''موسم بہار'' اسم ظرف زماں ہے۔ (.....)

XIII. ذیل میں سے آٹھ الفاظ کے مذکر یا مونث لکھیے۔ 8x1=8

(i)	بندہ	(ii)	بوڑھیا
(iii)	چور	(iv)	باپ
(v)	بندریا	(vi)	مورنی
(vii)	ادیب	(viii)	بیٹا
(ix)	مالن	(x)	مصنف
(xi)	بچھڑا	(xii)	ناگ

XIV. ہر حصہ سے چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 8x1=8

(الف) ذیل میں سے چار کے صحیح جوڑ بنائیے۔

(الف)			(ب)
(i) شبیر محمد خاں	( )	(1)	میر امن دہلوی
(ii) ارمغان حجاز	( )	(2)	پریم چند
(iii) سیر پہلے درویش کی	( )	(3)	علامہ اقبال
(iv) دلیر مجرم	( )	(4)	ابن انشاء
(v) بابائے قوم	( )	(5)	مہاتما گاندھی
(vi) پنچایت	( )	(6)	ابن صفی

(ب) ذیل میں سے چار اسباق کے مصنفین کا نام بتائیے۔

(i) انار کے چودہ دانے - _____

(ii) پنچایت - _____

(iii) ناز اٹھانے کو ہم رہ گئے ڈاکٹروں کے - _____

(iv) محبوب حسین جگر - _____

(v) میرا اسکول - _____

(vi) سیر پہلے درویش کی - _____

XV. ذیل میں سے چھ جملوں کو صحیح کیجیے۔ 6x1=6

(i) رشید محنتی لڑکی ہے۔

(ii) مری ہوئی بیل گلے میں باندھ دیا۔

(iii) قدرت جس کو علم و فضل و ہنر دیا تھی۔

(iv) زلزلہ آیا۔

(v) احمد کو کتے نے کاٹی۔

(vi) لڑکے بھیگ رہی ہیں؟

(vii) شاعر نے غزل لکھا۔

(viii) منہ میں پانی آئی۔

XVI. انگریزی عبارت کا اُردو میں ترجمہ کیجیے۔ 5

The moral values in life hold great importance from the point of personal, social and spiritual development. Values, morals and ethics are inextricably tied together. Values are what we learn from childhood; the 'stuff' we acquired from our parents and immediate surroundings.

☆☆☆

INTERMEDIATE - SECOND YEAR
SECOND LANGUAGE URDU: PART - III
Model Paper - Urdu - II - 2021

Time: 3 HOURS **MARKS: 100**

I. مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک بند لکھ کر مشکل الفاظ کے معنی لکھیے۔ 1 x 6 = 6

1. مجھ سے پہلی سی محبت، مری محبوب! نہ مانگ

.....

.....

.....

تو جو مل جائے تو تقدیر نگوں ہوجائے

2. بے کس ہوں نہ مال ہے نہ سرمایہ ہے

.....

.....

.....

3. اور بھی دُکھ ہیں زمانے میں محبت کے سوا

.....

.....

.....

.....

خاک میں لتھڑے ہوئے، خون میں نہلائے ہوئے

II. ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب پندرہ سطروں میں لکھیے۔ 1 x 6 = 6

1. نظم ''پہلی سی محبت'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔
2. امجدؔ کی شاملِ نصاب رُباعیات سے کوئی دو رُباعیات لکھیے اور اپنے الفاظ میں تشریح کیجیے۔
3. فیضؔ کو اپنے ہم عصر ترقی پسند شاعروں میں کیوں ایک خاص امتیاز حاصل ہے؟

III. **مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب پندرہ سطروں میں لکھیے۔** 1 x 6 = 6

1. سعادت حسن منٹو کے افسانہ ''منظور'' کا خلاصہ لکھیے۔
2. نام دیو۔ مالی کن کن خوبیوں کا مالک تھا؟
3. مولوی عبدالحق کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

IV. **مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالات کے جواب دس سطروں میں لکھیے۔** 4 x 2 = 8

1. کہانی ''سونے کی اینٹ'' کا مختصر خلاصہ لکھیے۔
2. ''کابلی والا'' کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیے۔
3. خالہ جان کے کردار پر ایک نوٹ لکھیے۔
4. ''کابلی والا'' روزانہ منی سے ملاقات کے لیے کیوں آتا تھا؟
5. ''کابلی والا'' کو جیل کیوں بھیجا گیا؟

V. **مندرجہ ذیل میں سے کسی دو اشعار کی متن کے حوالہ سے تشریح کیجیے۔** 2 x 3 = 6

1. زمانے کے کیا کیا ستم دیکھتے ہیں
ہمیں جانتے ہیں جو ہم دیکھتے ہیں

2. زمیں پہ چاند اترتا دکھائی دیتا ہے
ترا خیال بھی تجھ سا دکھائی دیتا ہے

3. تماشائے دیر و حرم دیکھتے ہیں
تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں

4 جو ساتھ لے کے چلا تھا ہزار ہنگامے
وہ شخص آج اکیلا دکھائی دیتا ہے

. 5 بڑے عجیب ہیں یہ درد و غم کے رشتے بھی؟
کہ جس کو دیکھئے اپنا دکھائی دیتا ہے

VI. متن کے حوالے سے کسی دو کی تشریح کیجیے۔ 2 x 3 = 6

1. ''دل میں ٹیسیں نہ اُٹھتیں تو وہ اپنی تندرستی اور بیماری میں کوئی نمایاں فرق محسوس نہ کرتا کیوں کہ صحت اس کی کبھی اچھی نہیں تھی۔''
2. ''اُس کے کوئی اولاد نہ تھی۔ وہ اپنے پودوں اور پیڑوں ہی کو اپنی اولاد سمجھتا تھا۔''
3. ''نیکی اس وقت تک نیکی ہے جب تک آدمی کو یہ نہ معلوم ہو کہ وہ کوئی نیک کام کر رہا ہے۔''
4. ''ہندوستان کی بڑی ریاست کے فرماں روا ہونے کے باوجود آپ نے اپنی زندگی کو نمونے کے طور پر پیش کیا۔''
5. ''کم چکنائی اور بہتر اور صحت بخش چکنائی کا انتخاب دل کے امراض سے محفوظ رہنے اور منجملہ صحت قائم رکھنے میں معاون ہوتا ہے۔''

VII. مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب پانچ سطروں میں لکھیے۔ 2 x 3 = 6

1. فیض احمد فیضؔ کے کلام کی خصوصیات لکھئے۔
2. امجدؔ حیدر آبادی کی تیسری رُباعی کا مرکزی خیال بیان کیجیے۔
3. امجدؔ حیدر آبادی کے حالاتِ زندگی قلمبند کیجیے۔
4. فیضؔ نے نظم ''پہلی سی محبت'' میں زندگی کے کن مسائل کا ذکر کیا؟
5. فیض احمد فیضؔ کی تعلیمی قابلیت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھیے۔

VIII. مندرجہ ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے جواب پانچ سطروں میں لکھیے۔ 2 x 3 = 6

1. منظور کون تھا اور اُس کو کونسی بیماری لاحق تھی؟
2. منظور کیوں دواخانے سے واپس گھر نہیں جانا چاہتا تھا؟
3. نام دیو مالی کون تھا؟
4. خشک سالی کے زمانے میں نام دیو مالی نے باغ کی کس طرح نگہداشت کی؟
5. بادشاہ کے متعلق ڈاکٹر شیلا راج کے کیا خیالات ہیں؟

IX. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک یا دو جملے میں لکھیے۔ 5 x 1 = 5

1. فیضؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
2. اُردو کے مشہور رُباعی گو شاعر کون تھے؟
3. امجدؔ حیدر آبادی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
4. شاعری میں! داغ کس بادشاہ کے اُستاد تھے؟
5. جامؔی کے شعری مجموعہ کا کیا نام ہے؟

X. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب ایک یا دو جملے میں تحریر کیجیے۔ 5 x 1 = 5

1. منظور نرس کو کیا کہہ کر پکارتا تھا؟
2. پیڑ پودوں کو دیکھ کر نام دیو کس طرح خوش ہوتا تھا؟
3. آصف جاہ سادس کا نام کیا تھا؟
4. ہماری غذا کا ایک اہم جز کیا ہے؟
5. کس چکنائی کے استعمال سے بچنا صحت کے لئے ضروری ہے؟

XI. ذیل میں سے کسی ایک کو خط لکھیے۔ 1 x 5 = 5

1. اپنے دوست کو خط لکھتے ہوئے تعلیمی تفریح کے متعلق لکھیے۔
2. اپنے دوست کے نام خط لکھئے جس میں تعطیلات میں حیدرآباد آنے اور یہاں کے تاریخی مقامات کی تفریح کی دعوت کا ذکر کیا گیا ہو؟
3. اسنادات کے حصول کے لیے اپنے کالج کے پرنسپل کو ایک درخواست لکھیے۔

XII. ذیل کے ہر حصے سے چار سوالات کے جواب لکھیے۔ 8 x 1 = 8

(الف) صرف ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(i) تشبیہ کی تعریف کیجیے اور مثال دیجیے۔

(ii) تشبیہ اور استعارہ میں فرق واضح کیجیے۔

(iii) تلمیح سے کیا مراد ہے؟ مثال دیجیے۔

(iv) تجنیس کی تعریف لکھئے۔

(v) ضرب المثل کی تعریف لکھئے۔

(vi) کنایہ کی تعریف مع مثال بیان کیجیے۔

(ب) ذیل میں دیئے گئے کسی چار سابقوں اور لاحقوں کی نشاندہی کیجیے۔

(i) انمول

(ii) بےخوف

(iii) جان دار

(iv) خواہشمند

(v) خلاباز

(vi) ناسمجھ

XIII. ذیل میں سے آٹھ الفاظ کے واحد یا جمع لکھیے۔ 8 x 1 = 8

(i) کتاب

(ii) اساتذہ

(iii) خبر

(iv) ارکان

(v) لڑکا

(vi) القاب

(vii) مسجد

(viii) بلیاں

(ix) کتب

(x) دھواں

(xi) استاد

(xii) چڑیا

XIV. ہر حصہ سے چار سوالوں کے جواب لکھیے۔ 8 x 1 = 8

(الف) ذیل میں سے چار کے صحیح جوڑ بنائیے۔

(i)	فیض	(.....)	(الف) سعادت حسن منٹو
(ii)	بابائے اُردو	(.....)	(ب) عابد معز
(iii)	منظور	(.....)	(ج) مولوی عبدالحق
(iv)	پہلی سی محبت	(.....)	(د) امجد حیدر آبادی
(v)	غذا میں چکنائی	(.....)	(ھ) نقشِ فریادی
(vi)	شہنشاہ رباعیات	(.....)	(و) فیضؔ

(ب) دیئے گئے جملوں میں سے کوئی چار محاوروں کی نشاندہی کیجیے

(i) آپ تو عید کا چاند ہو گئے۔

(ii) کسی کے کان بھرنا اخلاقاً بری بات ہے۔

(iii) راشد نے غصہ میں انکار کر دیا مگر اب کف افسوس ملتا ہے۔

(iv) احمد کامیاب ہو کر خوش سے پھولے نہ سمایا۔

(v) ماریہ ہمیشہ خیالی پلاؤ پکاتی ہے۔

(vi) کامیابی کے لیے سخت پاپر بیلنا پڑتا ہے۔

XV. مندرجہ ذیل سے کسی دو سوالات کے جواب لکھیے۔ 2 x 3 = 6

1. روداد نگاری سے کیا مراد ہے۔
2. دور جدید میں پیغام رسانی کے ذرائع کیا ہیں؟
3. خط میں آداب والقاب کس طرح لکھے جانے چاہئیں؟
4. کسی برتھ ڈے پارٹی کی روداد لکھئے۔
5. خط کی تعریف بیان کیجیے۔

XVI. مندرجہ ذیل اقتباس پڑھ کر سوالات کے جوابات لکھیے۔ 5 x 1 = 5

مرزا غالبؔ اردو اور فارسی کے نامور شاعر گزرے ہیں۔ان کا نام اسداللہ بیگ خاں اور تخلص غالبؔ تھا۔ابتداء میں وہ اسدؔ تخلص کرتے تھے۔ وہ 27/دسمبر 1797ء کو آگرہ میں پیدا ہوئے۔ان کے والد کا نام عبداللہ بیگ تھا۔وہ بچپن ہی میں یتیم ہو گئے تھے۔ اُن کی پرورش اُن کے چچا مرزا نصراللہ بیگ نے کی لیکن آٹھ سال کی عمر میں اُن کے چچا بھی فوت ہو گئے۔نواب احمد بخش خاں نے مرزا غالب کے خاندان کا انگریزوں سے وظیفہ مقرر کروایا۔1810ء میں 13 سال کی عمر میں اُن کی شادی امراؤ بیگم سے ہوئی۔شادی کے بعد دہلی میں مستقل سکونت اختیار کر لی۔غالبؔ زندگی بھر معاشی پریشانیوں میں مبتلا رہے۔

1850ء میں مرزا غالبؔ مغلیہ دربار سے وابستہ ہوئے۔بہادر شاہ ظفر نے مرزا غالبؔ کو نجم الدولہ، دبیر الملک اور نظام جنگ کا خطاب عطا کیا اور خاندان تیموریہ کی تاریخ لکھنے پر مامور کیا اور 50 روپے ماہانہ وظیفہ مقرر کیا۔ 15/فبروری 1869ء مرزا غالبؔ کا انتقال ہوا۔

سوالات:

1. مرزا غالب کا پورا نام کیا تھا؟
2. مرزا غالب کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
3. اُن کی پرورش کس نے کی؟
4. مرزا غالب کی شادی کب اور کس سے ہوئی؟
5. بہادر شاہ ظفر نے مرزا غالب کو کونسے خطابات عطا کیئے۔

☆☆☆

INTERMEDIATE - FIRST YEAR
MODERN LANGUAGE URDU: PART - III

Model Paper - Urdu - I - 2021

Time: 3 HOURS **MARKS: 100**

I. ذیل میں دیئے گئے اقتباسات میں سے کسی چار کی بحوالۂ متن تشریح کیجئے۔ 4 x 5 = 20

1. وہ ایک اعلیٰ درجہ کا سپاہی، ایک دور اندیش منتظم ملکی، اور ایک بڑا سردار تھا۔
2. نواب میر عثمان علی خاں نے اردو شعرا اور نثر نگاروں کی سرپرستی اور قدر افزائی میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی۔
3. ریوتی نے اسے اچھے اچھے کپڑے پہنائے نظر بد سے بچانے کے لئے، ماتھے اور گالوں پر کاجل کے ٹیکے لگا دیئے۔
4. دوستوں کے آڑے وقت کام آنے کو وہ ایک عبادت سمجھتے ہیں اور اس عبادت میں خلل اسی وقت پڑتا ہے جب ان کی جیب خالی ہو۔
5. جو ادیب صرف لکھتے ہی اس لیے ہیں کہ ایوارڈ حاصل کر سکیں ان کے لیے میری ایک لاکھ روپے کی ایوارڈ اسکیم منسوخ۔
6. میری ان کی بیس برس کی جان پہچان ہے۔ گڑیوں کے میلے والی بات یاد ہے نا؟
7. ''اضطراب کا کام خراب ہوتا ہے، ناحق حجاب ہوتا ہے۔''
8. خود بادشاہِ وقت (میر محبوب علی خاں) کو نظم و نثر پر یکساں قدرت حاصل تھی۔
9. اس کا طویل تیس سالہ عہد حکومت دکن کی ملی جُلی کلچر کی ایک درخشاں مثال ہے۔
10. وہ ایک اعلیٰ درجہ کا سپاہی، ایک دور اندیش منتظم ملکی، اور ایک بڑا سردار تھا۔

II. ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے۔ 1 x 20 = 20

1. افسانہ ''بے غرض محسن'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔
2. عہد عثمانی میں اردو ادب کا اجمالی جائزہ لیجئے۔
3. ماہ طلعت توتے سے کیوں ناراض ہوئی؟

III. ذیل میں سے کسی چار اشعار کی تشریح کیجئے۔ 4 x 5 = 20

1. سب اختیار میرا تُج ہات ہے پیارا
جس حال سُوں رکھے گا ، ہے او خوشی ہمارا

2. یاد کرنا ہر گھڑی اس یار کا
ہے وظیفہ مجھ دلِ بیمار کا

3. نہ چھیڑ اے نکہت ِ بادِ بہاری راہ الگ اپنی
تجھے اٹکھیلیاں سوجھی ہیں ہم بے زار بیٹھے ہیں

4. زمانہ ہوا غرقِ طوفاں امیؔر
ابھی روئی یہ چشمِ پُرنم کہاں

5. جب بھی دیکھی ابوالکلام کی نثر
نظمِ حسرتؔ میں کچھ مزا نہ رہا

6. کام آساں ہوتو دشوار بنا لیتا ہوں
راہ چلتا ہوں تو دیوار بنا لیتا ہوں

7. یاد کرنا ہر گھڑی اس یار کا
ہے وظیفہ مجھ دلِ بیمار کا

8. بھلا گردشِ فلک چین دیتی ہے کسے انشآء
غنیمت ہے جو ہم صورت یہاں دوچار بیٹھے ہیں

9. مسند گل منزلِ شبنم ہوئی
دیکھ رتبہ دیدۂ بیدار کا

10. فصلِ گُل بھی ہے ، شبِ مہتاب بھی
سب سہی لیکن سکونِ دل کہاں

IV. ذیل میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔ 1 x 20 = 20

1. اقبال کی نظم ''ایک نوجوان کے نام'' کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے۔
2. خطیب کی نظم ''اٹھائیس تاریخ'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔
3. مخدوم نے اپنی نظم میں کن خیالات کا اظہار کیا ہے۔
4. نظم ''پیسہ'' کا خلاصہ لکھئے۔

V. (الف) نصاب میں شامل امجد حیدر آبادی کی کسی ایک رباعی کا خلاصہ لکھئے۔ 1 x 10 = 10

یا

حسرت موہانی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

یا

شاذ تمکنت کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

(ب) ''انشائیہ'' کسے کہتے ہیں؟مختصراً لکھئے۔ 1 x 10 = 10

یا

''خاکہ نگاری'' پر ایک جامع نوٹ لکھئے۔

یا

ماہِ طلعت توتے سے کیوں ناراض تھی؟

INTERMEDIATE - SECOND YEAR
MODERN LANGUAGE URDU: PART - III

Model Paper - Urdu - II - 2021

Time: 3 HOURS **MARKS: 100**

I. ذیل میں دیئے گئے اقتباسات میں سے کسی چار کی بحوالۂ متن تشریح کیجئے۔ 4 x 5 = 20

1. ''میں سو فوجی دستوں کے مقابلے میں ایک اخبار سے زیادہ ڈرتا ہوں۔''
2. ''اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری اُردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے۔''
3. ''بیگم زور نے ادارہ کی مستقل عمارت کے لیے زمین کا عطیہ دیا۔ جس پر ''ایوان اردو'' کے نام سے ادارۂ ادبیات اردو کی عمارت تعمیر ہوئی۔''
4. ''بادشاہ ہونے کے باوجود وہ صحیح معنوں میں ایک عوامی شاعر تھا۔ ''
5. ''اگر حُسن میں ترتیب ہو یعنی جو کام ترتیب سے ہوں وہ اچھے لگتے ہیں۔ کبھی بے ترتیبی میں بھی حُسن آجاتا ہے۔''
6. ''یونیورسٹی کی اسکیم کو بروئے کار لانے کے لیے یوں بھی سب سے پہلے دارالترجمہ کا قیام ضروری تھا۔''
7. ''ان کی شہرہ آفاق دولت وثروت، تعمیر کاری اور علم وادب کی سرپرستی ہمیشہ یاد رہے گی۔''
8. ''ہندوستان کی نوجوان کا دل جاگ اٹھا تھا اور ادب کی ہر تفسیر میں اپنی تمناؤں کے فانوس خیال روشن کر رہا تھا۔''

II. ذیل میں دیئے گئے سوالات میں سے کسی چار کا مختصر جواب لکھیے۔ 4 x 5 = 20

1. اُردو کے آغاز سے متعلق نصیرالدین ہاشمی کا نظریہ بیان کیجیے؟
2. تاثراتی تنقید کی وضاحت کیجیے۔
3. ابراہیم قطب شاہ پر مختصر نوٹ لکھیے۔
4. ادیبوں کے ریل میں سفر کا حال بیان کیجئے۔
5. کرشن چندر نے حیدرآباد میں منعقدہ ادیبوں کی کانفرنس کا کیا حال بیان کیا۔

6. ادارۂ ادبیاتِ اُردو کے قیام کے مقاصد کیا تھے؟

7. ماہ لقابائی چندا کی تعلیم وتربیت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

8. دارالترجمہ کا قیام کیوں عمل میں لایا گیا؟

III. ذیل میں سے کسی دو کے جواب لکھیے۔ **2** x 10 = 20

1. دارالترجمہ جامعہ عثمانیہ کی علمی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

2. ادارۂ ادبیاتِ اُردو کے مختلف شعبوں کا تعارف بیان کیجیے۔

3. ڈاکٹر مولوی عبدالحق کو کن خصوصیات کی بناء پر دارالترجمہ کا ناظم مقرر کیا گیا؟

4. محمد حسین آزاد اور مسعود حسین خاں کے اُردو زبان کے آغاز کے نظریات کو بیان کیجیے۔

IV. ذیل میں سے کسی دو کے جواب لکھیے۔ **2** x 10 = 20

1. برقیاتی صحافت کسے کہتے ہیں اور اس کے اقسام کیا ہیں؟

2. ماہ لقابائی چندا کی شاعری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

3. بچوں کے رسائل وجرائد پر تفصیلی جواب لکھئے۔

4. ماہ لقابائی کی شخصیت کا جائزہ لیجیے۔

V. (الف) ذیل کے سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب لکھیے۔ 1 x 10 = 10

1. استعارہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اقسام پر روشنی ڈالئے۔

2. تشبیہہ کسے کہتے ہیں اس کے اقسام بیان کیجیے۔

3. مبالغہ کی تعریف بیان کیجیے اور اس کے مختلف اقسام کو واضح کیجیے۔

(ب) ذیل کے سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب لکھیے۔ 1 x 10 = 10

1. رپورتاژ کسے کہتے ہیں؟ چند اہم رپورتاژ نگاروں کے نام لکھیے۔

2. ''رپورتاژ'' میں کرشن چندر نے کن مشاہدات کو بیان کیا۔

3. حیدرآباد میں منعقدہ ترقی پسندوں کی کانفرنس کا حال بیان کیجئے۔